# پچھلے سالوں کی زکوۃ کی ادائیگی کاآسان طریقہ

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

**الاستفتاء**: کیافرماتے ہیں علمائے دین وہ مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بلوغت کے بعد میں نے اپنے مال سے چند سالوں کی زکوۃادا نہیں کی۔اب اس زکوۃ کی ادائیگی کاکیا طریقہ ہوگا۔

سائل: عدنان یوکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

آپ پر ضروری ہے کہ فوراسے پہلے جس قدر زکوۃآپ کے ذمہ ہے،اس کوادا کریں۔اب تک جوتاخیر کی ہےاس سے سچے دل سے اس سے توبہ کریں اورآئندہ ایسانہ کرنے کاعہد کریں۔

پچھلے سالوں کی زکوۃادا کرنے کاطریقہ یہ ہے کہ جس پہلے سال کی آپ نے زکوۃنہیں دی اُس سال جتنامال آپ کے پاس تھا،اس سارے مال یعنی مال تجارت ،سونا چاندی کی اُس وقت کی قیمت کویا روپے پیسوں کو40پر تقسیم کردیں جو جواب آئے وہ اُس سال کی زکوۃ ہوگی۔پھر جس قدر زکوۃ پہلے سال میں ادا کردی ہے دوسرے سال کی زکوۃادا کرتے وقت اس رقم کو منہا کریں گے یعنی اسے نکال کر اگر وہ صاحب نصاب ہے توجتنامال باقی بچے اگر وہ روپے پیسوں کی شکل میں ہے توبنفسہ اس کواور اگر سوناچاندی کی شکل میں ہے تواس کی قیمت کو40پر تقسیم کریں گے جوجواب آئے وہ اس دوسرے سال کی زکوۃ ہوگی۔اسی طرح دیگر سالوں کی زکوۃادا کرتے رہے یہاں تک کہ آپ کے ذمہ کچھ بھی زکوۃ باقی نہ رہے۔ہر سال کی زکوۃادا کرتے وقت نصاب مکمل ہونے کے بعد جو مال نصاب سے زائد ہوجائے تواگر وہ خُمس یعنی پانچویں حصہ سے کم ہےتو معاف ہے یعنی اس کی زکوۃ دینا لازم نہیں۔چالیس پر تقسیم کا اس لیے کہا کیونکہ مال کا چالیسواں حصہ زکوۃکے طورپر فرض ہوتا ہے۔

جیساکہ حدیث مبارکہ میں ارشاد ہوتا ہے: "**فَإِذَا بَلَغَتْ مِائَتَيْنِ فَفِيهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ**" جب دو سو درہم ہوجائیں توان میں زکوۃ پانچ درہم ہیں۔ [سنن الترمذی باب ما جاء في زکاۃ الذھب والورق حدیث نمبر620] پانچ درھم دوسو کاچالیسواں حصہ ہی ہوتے ہیں۔

اور سیدی اعلی حضرت مجدد دین وملت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر سال زکوۃ واجب ہوگی جب تک نصاب سے کم نہ رہ جائے، یہ اس لیے کہ جب پہلے سال کی زکوۃ نہ دی دوسرے سال اس قدر کا مدیون ہے تو اتنا کم کرکے باقی پر زکوۃ ہوگی، تیسرے سال اگلے دونوں برسوں کی زکوۃ اس پر دین ہے تو مجموع کم کرکے باقی پر ہوگی، یُوں اگلے سب برسوں کی زکوۃ منہا کرکے جو بچے اگر خود یا اس کے اور مال زکوۃ سے مل کر نصاب ہے تو زکوۃ ہوگی ورنہ نہیں۔ [فتاوی رضویہ ج۱۰ص۱۴۴]اور فتح القدیر میں ہے کہ

**یلزم بتاخیرہ من غیر ضرورۃ الاثم کما صرح بہ الکرخی والحاکم الشھید فی المنتقی، وھو عین ماذکرہ الفقیۃ ابو جعفر عن ابی حنیفۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ انہ یکرہ ان یؤخرھا من غیر عذر فان کراھۃ التحریم ھی المحمل عند اطلاق اسمہا عنھم وکذا عن ابی یوسف وعن محمد ترد شھادتہ بتاخیر الزکوٰۃ حق الفقراء فقد ثبت عن الثلث وجوب فوریۃ الزکوٰۃ مخلصا۔** بغیر مجبوری کے تاخیر سے گناہ لازم آتا ہے جیسا کہ امام کرخی اور حاکم شہید نے المنتقی میں تصریح کی ہے۔ یہ بعینہٖ وہی بات ہے جس کا تذکرہ فقیہ ابو جعفر نے امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے کیا ہے کہ بغیر عذر ادائیگی کو مؤخر کرنا مکروہ تحریمی ہے کیونکہ جب کراہت کا ذکر مطلقاً ہو تو اس وقت وہ مکروہِ تحریمی پر محمول ہوتی ہے، امام ابو یوسف سے بھی اسی طرح مروی ہے۔ امام محمد فرماتے ہیں کہ تاخیرِ زکوۃ کی وجہ سے گواہی مردود ہو جائیگی کیونکہ زکوۃ فقراء کا حق ہے، تو تینوں بزرگون سے یہ ثابت ہُوا کہ زکوۃ کی ادائیگی فی الفور لازم ہوتی ہے۔[فتح القدیر کتاب الزکوۃ ج۲ ص ۱۱۴]اور سیدی اعلی حضرت مجدد دین وملت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن اسی مذہب کو صحیح فرماتے ہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے کہ

مذہب صحیح ومعتمد پر زکوۃ کا وجوب فوری ہے تو جو اس سال کی زکوۃ نہ دے یہاں تک کہ دوسرا سال گزر جائے گنہگار ہے، یونہی قول اصح وارجح پر حج کا وجوب، تو جس سال استطاعت ہو اسی سال جائے ورنہ گنہگار ہوگا۔[فتاوی رضویہ ج۱۶ص۵۵۹]

اور یہ بھی یاد رہے کہ نصاب کے پہلے سال تاریخ مہینے اور دن ووقت کا تعین کرکے پھر اسلامی سال کے اعتبار سے زکوۃ کا سارا حساب کریں۔ کیونکہ زکوۃ میں اسلامی سال معتبر ہے۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

**English Translation:**

**Question:** What do the scholars and muftīs of the mighty Sharī'ah say regarding this case that after bulūgh I did not deliver several years of zakāh, what is the method of paying this Zakāh now?

**Answer:**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

It is necessary upon you that you immediately pay however much zakāh you owe. Whatever delay has occurred up until now you must repent from it with a true heart and make a binding commitment that you will not do such a thing in the future.

The way to pay the zakāh of the preceding years is to calculate the wealth of the first year in which you didn't pay zakāh, meaning stock merchandise, the value of gold and silver at that time and currencies and divide all of this by 40. The answer that you get from this will be the zakāh of that first year. Now the amount of zakāh payable from the first year will be subtracted [from the total assets] when calculating the zakāh for the second year i.e. having subtracted this amount if the person is sāhib e nisāb [owner of the threshold amount of wealth which makes a person laible for zakāh] he will pay zakāh over all the remaining amount.  If it is currency then upon itself and if it is gold or silver then in accordance with its value he will divide all of this by 40 and the answer will be the zakāh of the second year.  In this same way repeat this process until no zakāh remains liable upon you.

Each year when the wealth has reached the nisāb amount anything beyond the nisāb which does not reach a fifth [of the nisāb] then zakāh upon that is not necessary. It has been said that the wealth should be divided by 40 and this is because the fard of Zakāh is one fourtieth [2.5%]

Just as has been mentioned in a blessed hadith:

"So when it has reached 200 [dirhams] then there is 5 dirhams from it"

[Sunan al-Tirmidhi Hadīth 620]

Five dirhams is one fourtieth of 200 dirhams.

My master A'la Hazrat Mujaddid-e-Dīn Imām Ahmad Ridā Khān (may the mercy of Allāh be upon him) says in answering a question that zakāh will be necessary each year as long as the wealth is not below the nisāb this is because when the first year's zakāh is to be given then the person is in debt by that amount for the second year so by reducing the total by this amount he should pay zakāh over the rest [for the second year]. For the third year he will be in debt concerning the zakāh of the first and second year so by deducting those amounts he will be liable for zakāh over what remains. In similar vein after removing the zakāh amounts liable from the previous years then what remains if it reaches the nisāb itself or by adding to it other zakatable wealth then zakāh must be paid over that otherwise [if it does not reach nisāb] then it will not [need to be paid].

[al-Fatāwa al-Ridwiyyah Volume 10 page 144]

It is mentioned in summary from Fath al-Qadīr that: "There is sin associated in unnecessarily delaying the payment of Zakāh as al-Imām al-Karkhī has clearly stated and al-Hākim al-Shahīd in al-Muntaqā and that is exactly what al-Faqīh Abu Ja'far has related from al-Imām Abu Hanīfah (may Allāh be please with him that it is disliked (makrūh) to delay it without an excuse. Because prohibitive dislike is what it [karahah – dislike] is carried upon when it [karahah] is mentioned in an absolute form by them. It is similarly reported from Qādī Abu Yusuf. It is also mentioned from Imām Muhammad that the testimony of a person is rejected by delaying the payment of Zakāh as it is the right of the poor. Thus the necessity of immediate payment of Zakāh is established from all 3 Imāms."

[Summarised from Fath al-Qadīr Volume 2 page 114]

My master A'la Hazrat Mujaddid-e-Dīn Imām Ahmad Ridā Khān (may the mercy of Allāh be upon him) has also stated that this is the relied upon view in the Hanafi Madhab

It is mentioned in al-Fatāwa al-Ridwiyyah that according to the correct and relied upon opinion in the Madhab the payment of Zakāh is immediately necessary. Thus the one who does not pay his zakāh such that the next year passes then he is a sinner. Similarly according to the most correct and outweighed opinion the obligation of Hajj [is immediately necessary]. Thus that year in which one has capability he should travel for Hajj otherwise he is sinful.

[al-Fatāwa al-Ridwiyyah Volume 16 page 559]

Furthermore one should remember that the first ever year of reaching nisāb then it's date; month, day and time should be exacted and then in accordance to the Islamic [lunar] year the calculation of zakāh should be undertaken. This is because in relation to zakāh it is the Islamic [lunar] year which is considered.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری**